لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۴ فروری ۱۹۱۶ء	جلد ۳

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۶ جنوری ۱۹۱۶ء

ثبتہ رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر رخصت یک ہفتہ اسسٹنٹ انجنیر برقی روشنی کی ۲ فروری ۱۹۱۶ء سے منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

(مع) سینتالیس روپیہ ماہوار کے تقررات جدیدہ منظور ہیں۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض   سیر سامنے

جناب عالی

عملۂ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کیلیے جو تجویز کیگئی ہے اُسکی مفصل حالت روبکار منسلکہ سے واضح رائے عالی ہوگی۔ چونکہ اس سلسلہ میں حسب ذیل تقررات جدید کی ضرورت واقع ہوگی۔ لہذا گذارش ہے کہ پیشگاہ عالی سے تقررات جدید کی منظوری صادر فرمائی جائے تاکہ احکام ضابطہ جاری کرادیے جائیں۔

۱۔ تقرر ایک کس اہلمد بشاہرہ عہ ماہوار۔ ۲۔ تقرر ایک کس انگلش کلرک بشاہرہ عہ ماہوار
۳۔ تقرر ایک کس چپراسی بشاہرہ صہ ماہوار۔ ۴۔ سائر خرچ دفتر صہ ماہوار

زیادہ حد ادب

دستخط عبد... خان ریونیو سکرٹری

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

چونکہ سررشتہ انہار میں پیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سے صاحب سپرنٹنڈنٹ کا تقرر منظور ہوگیا ہے۔ اور سب انجنیر و سپروائزر پہلے موجود ہیں۔ لہذا دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار و تقسیم کام سب انجنیر و سپروائزر کے متعلق حسب ذیل احکام صادر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار میں حسب ذیل سررشتہ عملہ ہوگا۔

۱۔ عبدالخالق خاں اہلمد دفتر سب انجنیر جنکو عہ ماہوار تنخواہ اور تین روپیہ ماہوار الاونس صیغہ گھاٹ سے ملتا ہے بعہدہ اہلمدی پر مستقل کیا جاے چونکہ آئندہ انکو صیغہ گھاٹ کا الاونس نہ ملیگا اور بلا وجہ تین روپیہ ماہوار کا تنزل ہو جائیگا۔ لہذا انکی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ آئندہ انکو صیغہ نہر سے بیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملے گی۔

۲۔ اہلمدی کے کام کے لیے ایک شخص جدید مقرر کیا جائے گا جسکی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار ہوگی صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کسی ہوشیار شخص کو منتخب کرکے نوٹ بھیجدیں تاکہ احکام تقرر جاری کردیے جائیں۔

۳۔ سید خورشید حسن پیشکار دفتر سب انجنیر کو اسوقت تک کام میں مہارت اور تجربہ نہیں ہے۔ لہذا وہ بھی بطور زائد اس دفتر کو منتقل کیے جائیں اور انکو ہدایت کیجائے کہ بکوشش محنت کام سیکھیں۔

۴۔ انگلش کلرک بھی جدید مقرر کیا جائیگا۔ جسکی تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار ہوگی صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کسی ایسے آدمی کو تجویز کرکے نوٹ بھیجدیں کہ جو حساب و انجنیری کے کام میں کافی مہارت رکھتا ہو تاکہ احکام تقرر جاری ہوسکیں۔

۵۔ امداد حسین خاں ڈرافٹسمین متعلقہ دفتر سب انجنیر اس دفتر کو منتقل کیا جائے اور کل کام متعلقہ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار و سب انجنیر و سپروائزر مشترکہ طور پر انجام دے۔

۶۔ دفتر سب انجنیر میں اسوقت تین چپراسی اور تین خلاصی موجود ہیں ان میں سے دو چپراسی اور ایک خلاصی دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کو منتقل کیے جائیں اور ایک چپراسی بطور جدید بشاہرہ پانچ روپیہ ماہوار مقرر ہو کر حسب صراحت تحت تعینات کیے جائیں۔

اردلی صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار ۔   دفتر
دو چپراسی   چپراسی - خلاصی

۷۔ دفتر سب انجنیر میں دفتری موجود ہے جو آئندہ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کا کام بھی انجام دیا کریگا۔

۸۔ سائر خرچ کیلیے پانچ روپیہ ماہوار مقرر کیے جاتے ہیں جو باندراج برآورد ملا کرینگے۔

۲۔ سب انجنیر و سپروائزر سپرنٹنڈنٹ انہار کے ماتحت رہیں گے اور دونوں کی رپورٹیں اور کاغذات حسابی وغیرہ بتوسط صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار ہمارے اجلاس میں آیا کرینگے۔

۳۔ سب انجنیر و سپروائزر میں باہمی تقسیم کام حسب صراحت تحت رہیگی۔

۱۔ سپروائزر کے متعلق کل علاقہ نوآبادی کا انتظام رہے گا۔ یعنی علاقہ وار بلاسپور معہ اپنے کل علاقہ کے اُنکے ماتحت رہینگے اور نائب علاقہ دار سوار کے متعلقہ ندی ہائے نابل و گینڈا یا لی دنیا سپروائزر سے متعلق رہینگی۔ اور اس حد تک نائب علاقہ دار سوار معہ عملہ متعلقہ سپروائزر کے ماتحت رہینگے۔

۲۔ علاوہ علاقہ مصرحۂ بالا بقیہ کل علاقہ سب انجنیر کے چارج میں رہیگا۔

۴۔ معمولی درستی و مرمت و انتظامی معاملات سپروائزر اپنے علاقہ متعلقہ میں اپنی رائے سے انجام دیا کرینگے۔ البتہ جو جدید کام ہوا اُسکی تجویز میں سب انجنیر سے بھی مشورہ کر لیا کریں۔ اور دونوں کی مشترکہ رپورٹ بتوسط صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار ہمارے سامنے پیش ہوا کرے

حکم ہوا کہ

اول روبکار ہذا ذریعہ عرضداشت اجلاس ہائیں بغرض حصول منظوری تقررات جدید مرسل ہو۔ اور بعد حصول منظوری صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۱۸ء

رقم نذرانہ دروازہ ہا وغیرہ و تاوان وصول کرنے کا اسوقت تک یہ قاعدہ ہی کہ ملازمان میونسپلٹی بطور خود وصول کر کے سررشتہ میونسپلٹی میں داخل کرتے ہیں ایسی صورت میں اشتباہ ہوتا ہی اسواسطے برائے آئندہ یہ طریقہ مناسب معلوم ہوتا ہی کہ رقم تاوان نذرانہ دروازہ وغیرہ گرداور و سپرنٹنڈنٹ و جمعدار و سپاہی کوئی ملازم میونسپلٹی وصول نکیا کرے۔ بلکہ داخل کنندہ کو یہ ہدایت کر دی جایا کرے کہ وہ خود سررشتہ میونسپلٹی میں روبرو میونسپل افسر صاحب داخل کیا کرے یا اپنے کسی آدمی کے ذریعہ سے داخل کرا دیا کرے اور جو شخص کہ رقم مذکورہ روبرو میونسپل افسر صاحب داخل کرے میونسپل افسر صاحب اُسکو رسید وصولیابی روپیہ بعد تصدیق دلوا دیا کریں

لہذا حکم ہوا کہ

بترسیل روبکار ہذا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے لکھا جائے کہ آئندہ حسب صراحت بالا تعمیل کیجاوے اور جملہ ملازمان میونسپلٹی کو متنبہ کر دیا جائے کہ کوئی شخص رقم نذرانہ بطور خود وصول نکیا کرے اور ایک نقل روبکار ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور ایک نقل فائل بک اجلاس ہذا میں چسپاں کیجائے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت یک ہفتہ سید ریاض الحسنین پیشکار آبکاری کی بغرض روانگی وطن منظور کیگئی۔

۲۹ر جنوری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب پیشی درخواست رخصت نوبوم منشی سید رضی علی صاحب پیشکار اجلاس ہذا کی ۳۰ر جنوری سنہ ۱۹۱۸ء سے ۷ر فروری سنہ مذکور تک منظور کی گئی۔

تقررات

۲۹ر جنوری سنہ ۱۹۱۰ء

حسب تحریر سپرنٹنڈنٹ صاحب انہار تقررات مندرجہ ذیل منظور کیے گئے

منشی گرجا دیال —	منشی اختر جمیل —	مشتاق علی
بعہدہ کلرک دفتر ہٰذا	بعہدہ اہلمدی دفتر	بعہدہ چپراسی
بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار	بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار	بمشاہرہ پانچ روپیہ ماہوار

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۲۹ر جنوری سنہ ۱۹۱۰ء

مرزا محمد زکی امتحان وکالت سنہ ۱۹۱۰ء میں بجز مضمون صیغہ فوجداری جملہ مضامین میں پاس ہوا تھا اور حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں نام بردہ کو سند درجہ دوم مشروط با امتحان دی گئی تھی۔ اور صرف صیغہ فوجداری کیا شرکت امتحان کی شرط کی گئی تھی۔ امتحان صیغہ فوجداری منعقدہ ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۰۹ء میں نام بردہ شریک ہوا تھا۔ بلکہ دوبارہ جو امتحان صیغہ فوجداری ۲۰ر دسمبر سنہ ۱۹۰۹ء کو ہوا اُس میں نام بردہ بوجہ عدم اطلاع شامل نہ ہو سکا لہذا اُس کے امتحان کے لیے ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۱۰ء مقرر کی گئی تھی۔ ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۱۰ء کو نام بردہ نے حاضر ہو کر امتحان دیا اور ۱۰۶ نمبر حاصل کرکے امتحان میں کامیاب ہوا۔ لہذا

حکم ہے کہ

پرچہ سوال و جوابات محمد زکی وکیل مع روبکار ہٰذا شامل مثل امتحان وکالت سنہ ۱۹۱۰ء کیے جائیں اور ایک نقل بغرض اطلاع عدالت ججی کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل گزٹ میں شائع کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتگی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	بخار	[illegible]	[illegible]	طاعون	مجموعہ از خانہ نمبر ۱۹ لغایت نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی گنج	۲۰	۱۱	۲۶	۲	۶۶	۵۳	۱۳	۱۳	۱۲	۱۱	۳	۲۶	۳۶	۶۱	۵۱	۹۶	۲۶	۰	۲	۰	۱۰۳	۰	۰	۱۶	۱۲۲	
گنج	۲۵	۲۲	۶	۱	۳۵	۳۲	۳	۱۹	۱۹	۳۳	۲۹	۷۷	۱۱۰	۱۲۰	۱۵۸	۲۵۱	۲۷	۳	۱	۰	۹۸	۰	۰	۱۶۷	۲۶۹	
حوالی شہر	۱۳	۳۶	۱۲	۱۱	۶۲	۲۵	۳۷	۶	۷	۳	۳	۲۷	۱۷	۳۶	۲۸	۴۹	۳۶	۰	۰	۶۵	۰	۰	-	۰	۶۵	
شاہ آباد	۲۵	۳۰	۶	۳۵	۱۰۶	۳۱	۷۵	۱۶	۱۷	۳	۳	۴۹	۳۰	۸۸	۷۱	۵۵	۹۴	۰	۲	۰	۱۴۷	۰	۰	۰	۱۴۹	
عظیم نگر	۳۷	۱۲	۳۳	۲۰	۱۰۳	۶۰	۳۳	۷	۱۳	۳	۱۰	۳۶	۱۹	۲۷	۴۲	۵۳	۳۶	۰	۰	۰	۸۷	۲	۰	-	۸۹	
پٹوائی	۵	۱۶	۱	۸	۳۱	۶	۲۵	۸	۸	۱	۱	۲۶	۷	۳۸	۱۵	۹	۴۳	۰	۰	۰	۵۳	۰	۰	۰	۵۳	
ملک	۱	۳۳	۱	۳۵	۴۱	۲	۳۹	۹	۸	۲	۲	۳۷	۱۶	۲۸	۳۳	۹	۶۵	۰	۰	۰	۶۴	۰	۰	۰	۶۴	
بلاسپور	۲۱	۱۱	۱۵	۱۸	۵۵	۳۶	۱۹	۳	۲	۵	۲	۳۲	۲۵	۳۳	۲۹	۳۷	۳۶	۰	۰	۰	۶۳	۰	۰	۰	۶۳	
کیمری	۳۰	۴۰	۱۲	۵۵	۱۴۷	۴۲	۱۰۵	۱۲	۹	۳	۴	۸۵	۳۵	۱۰۲	۵۸	۴۵	۱۱۵	۰	۰	۰	۱۶۰	۰	۰	۰	۱۶۰	
سوار	۳۷	۱۶	۲۱	۲۰	۹۳	۵۶	۳۷	۵۲	۳۱	۷	۶	۸۳	۷۵	۱۴۲	۱۱۹	۱۴۶	۱۱۵	۰	۰	۰	۲۶۱	۰	۰	۰	۲۶۱	
ٹانڈہ	۱۱	۱۱	۹	۱۱	۴۲	۲۰	۲۲	۱۲	۱۲	۳	۳	۵۶	۳۹	۴۲	۵۸	۷۵	۵۵	۰	۰	۰	۱۳۰	۰	۰	۰	۱۳۰	
میزان	۲۳۱	۲۰۳	۱۴۳	۲۱۶	۸۳۳	۳۷۴	۴۵۹	۱۶۱	۱۳۹	۷۷	۷۸	۵۶۱	۴۲۸	۸۰۹	۹۴۵	۳۰۴	۹۵۰	۳	۵	۶۵	۱۱۷۶	۲	۰	۱۹۲	۱۴۵۴	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۸ جنوری لغایتہ ۳ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	تحصیل شاہ آباد	تحصیل ملک	تحصیل بلاسپور	تحصیل سوار	تحصیل ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ۰ ار	۶ ۰ ار	۷ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	۶ ۰ ار	
نخود خالص	۹ ۰ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	
نخود کرامیر	۱۱ ۰ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	
کتہ	۱۲ ۰ ار	۰	۰	۱۲ ۰ ار	۱۳ ار	۱۱ ۰ ار	
سپشس	۸ ار	۸ ار	۸ ار	۷ ۰ ار	۸ ار	۷ ۰ ار	
مونگ	۸ ۰ ار	۸ ۰ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۹ ار	
مکا	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۱ ۰ ار	
جئی	۱۳ ار	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۴ ۰ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۴ ار	
عدس	۱۰ ار		۸ ار	۰	۹ ۰ ار		
ارہر	۱۲ ار	۹ ار	۰	۰	۱۴ ار	۰	
برنج	۶ ار	۷ ار	۶ ۰ ار	۷ ۰ ار	۷ ار	۷ ار	
روغن زرد	۰ رر ار	۰ ۵ ار	۰ ۵ ار	۰ ررر ار	۰ رر ار	۰	
روغن سیاه	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ۰ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۱ ۰ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ۰ ۶ ار	۱ ۰ ار	
نمک سانبھر	۵ ار	۶ ار	۶ ۰ ار	۵ ار	۶ ار	۶ ار	
نمک لاہوری	۵ ار	۰	۵ ار	۴ ار	۷ ار	۶ ار	
قند سیاه	۶ ۰ ار	۷ ار	۷ ار	۶ ۰ ار	۷ ار	۷ ار	
باجرہ	۹ ار	۹ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ۰ ار	۹ ار	